باب سوئم

اسلامی جمہوریہ پاکستان میں آئینی ارتقاء

کثیر الانتخابی سولات

۱۔ آئین کسی بھی ملک کا _____ قانون ہے۔
(الف) اعلیٰ ترین (ب) دوئم درجے کا (ج) بنیادی (د) اہم

۲۔ ہر حکومت _____ حدود میں اپنا کام کرتی ہے۔
(الف) اخلاقیات (ب) تہذیبی (ج) آئینی (د) قانونی

۳۔ پاکستان کا عبوری قانون _____ تھا۔
(الف) انڈیا ایکٹ ۲۹۳۶ء (ب) انڈیا ایکٹ ۱۹۳۴ء (ج) انڈیا ایکٹ ۱۹۳۵ء (د) انڈیا ایکٹ ۱۹۰۰ء

۴۔ _____ کو پاکستان کی آئینی تاریخ میں سنگ میل کی حیثیت حاصل ہے۔
(الف) قرارداد پاکستان (ب) میثاق لکھنؤ (ج) فرائضی تحریک (د) قرارداد مقاصد

۵۔ قرارداد مقاصد _____ کو پیش کی گئی۔
(الف) ۲۳ مارچ ۱۹۳۰ء (ب) ۱۲ مارچ ۱۹۳۹ء (ج) ۳۰ مارچ ۱۹۴۸ء (د) ۲۱ مارچ ۱۹۴۵ء

۶۔ پہلی قانون ساز اسمبلی _____ کی سربراہی میں بنی۔
(الف) قائداعظم (ب) چوہدری رحمت علی (ج) لیاقت علی خان (د) علامہ اقبال

۷۔ قرارداد مقاصد میں _____ قوانین پر زور دیا گیا۔
(الف) قانونی (ب) عدالتی (ج) اسلامی (د) اخلاقی

۸۔ قرارداد مقاصد _____ نے پیش کی۔
(الف) ایوب خان (ب) لیاقت علی خان (ج) علامہ اقبال (د) قائداعظم

۹۔ قرارداد مقاصد _____ نے تیار کی۔
(الف) ایوب خان (ب) لیاقت علی خان (ج) علامہ شبیر احمد (د) ملک غلام محمد

۱۰۔ _____ نے پہلی قانون ساز اسمبلی ختم کی۔
(الف) لیاقت علی خان (ب) ذوالفقار علی بھٹو (ج) ملک غلام محمد (د) ایوب خان

۱۱۔ پہلی دستور ساز اسمبلی _____ میں قائم کی گئی۔
(الف) یکم اکتوبر ۱۹۵۸ء (ب) ۷ اکتوبر ۱۹۵۸ء (ج) ۸ اکتوبر ۱۹۵۸ء (د) ۶ اکتوبر ۱۹۵۸ء

۱۲۔ پاکستان کا پہلا آئین _____ کو نافذ ہوا۔
(الف) ۲۳ مارچ ۱۹۵۶ء (ب) ۲۵ اکتوبر ۱۹۵۶ء (ج) ۲۱ ستمبر ۱۹۵۶ء (د) ۲۲ دسمبر ۱۹۵۶ء

۱۳۔ _____ ۱۹۵۶ء کے آئین کے وقت وزیراعظم تھے۔
(الف) ذوالفقار علی بھٹو (ب) نواز شریف (ج) لیاقت علی خان (د) یحییٰ خان

۱۴۔ جنرل ایوب خان نے _____ کو اقتدار سے ہٹایا۔
(الف) چوہدری محمد علی (ب) ذوالفقار علی بھٹو (ج) یحییٰ خان (د) اسکندر مرزا

۱۵۔ _____ پاکستان کے پہلے صدر تھے۔
(الف) چوہدری محمد علی (ب) لیاقت علی خان (ج) اسکندر مرزا (د) قائداعظم

۱۶۔ ۱۹۵۶ء کے آئین میں گورنر جنرل کی جگہ _____ کو دی گئی۔
(الف) وزیراعظم (ب) صدر (ج) وزیراعلیٰ (د) گورنر

۱۷۔ ۱۹۵۶ء کا آئین _____ نے کالعدم قرار دیا۔
(الف) اسکندر مرزا (ب) چوہدری محمد علی (ج) ایوب خان (د) ذوالفقار علی بھٹو

۱۸۔ ۱۹۶۲ء کا آئین _____ نے دیا۔
(الف) یحییٰ خان (ب) ایوب خان (ج) لیاقت علی خان (د) ذوالفقار علی بھٹو

۱۹۔ وفاقی صدارتی نظام _____ کے آئین میں متعارف کروایا گیا۔
(الف) ۱۹۵۶ء (ب) ۱۹۶۲ء (ج) ۱۹۷۳ء (د) ۱۹۳۵ء

۲۰۔ ۱۹۶۲ء کا آئین _____ نے کالعدم قرار دیا۔
(الف) یحییٰ خان (ب) اسکندر مرزا (ج) ضیاء الحق (د) ایوب خان

۲۱۔ ۱۹۶۲ء کا قانون _____ کو کالعدم قرار دیا گیا۔
(الف) ۲۳ر مارچ ۱۹۶۹ء (ب) ۲۵ر مارچ ۱۹۶۹ء (ج) ۳۱ر مارچ ۱۹۶۹ء (د) ۲۰ر مارچ ۱۹۶۹ء

۲۲۔ پاکستان میں پہلے عام انتخابات _____ میں ہوئے۔
(الف) ۱۹۴۷ء (ب) ۱۹۶۰ء (ج) ۱۹۷۰ء (د) ۱۹۶۲ء

۲۳۔ بھارت نے مشرقی پاکستان پر _____ سن میں حملہ کیا۔
(الف) ۱۹۴۸ء (ب) ۱۹۴۹ء (ج) ۱۹۷۱ء (د) ۱۹۶۱ء

۲۴۔ مشرقی پاکستان _____ کو مغربی پاکستان سے علیحدہ ہوا۔
(الف) ۱۱ر دسمبر ۱۹۷۱ء (ب) ۲۰ر دسمبر ۱۹۷۱ء (ج) ۱۳ر دسمبر ۱۹۷۱ء (د) ۱۶ر دسمبر ۱۹۷۱ء

۲۵۔ مغربی پاکستان میں _____ کی حکومت بنائی گئی۔
(الف) ایوب خان (ب) ضیاء الحق (ج) یحییٰ خان (د) ذوالفقار علی بھٹو

۲۶۔ ۱۹۷۳ء کا آئین _____ نے دیا۔
(الف) ایوب خان (ب) ضیاء الحق (ج) ذوالفقار علی بھٹو (د) یحییٰ خان

۲۷۔ ۱۹۷۳ء کا آئین پاکستان کا _____ آئین ہے۔
(الف) پہلا (ب) دوسرا (ج) تیسرا (د) چوتھا

۲۸۔ ۱۹۷۳ء کا آئین _____ ۱۹۷۳ء کو نافذ ہوا۔
(الف) یکم اگست (ب) ۱۴ اگست (ج) ۱۰ اگست (د) ۲۴ اگست

۲۹۔ ۱۹۷۳ء کا آئین _____ نے کالعدم قرار دیا۔
(الف) ضیاء الحق (ب) ایوب خان (ج) یحییٰ خان (د) آصف زرداری

۳۰۔ ۱۹۷۳ء کا آئین پہلی دفعہ _____ کو کالعدم ہوا۔
(الف) ۶ جولائی ۱۹۷۴ء (ب) ۵ جولائی ۱۹۷۷ء (ج) ۷ جولائی ۱۹۷۵ء (د) ۸ جولائی ۱۹۷۶ء

۳۱۔ ۱۹۷۳ء کا آئین دوسری مرتبہ _____ میں نافذ ہوا۔
(الف) ۱۹۷۵ء (ب) ۱۹۷۷ء (ج) ۱۹۷۸ء (د) ۱۹۷۶ء

۳۲۔ _____ نے دوسری مرتبہ ۱۹۷۳ء کے آئین کو کالعدم قرار دیا۔
(الف) آصف زرداری (ب) ڈاکٹر عشرت العباد (ج) جنرل پرویز مشرف (د) ضیاء الحق

۳۳۔ جنرل مشرف نے ۱۹۷۳ء کے آئین کو _____ کو کالعدم کیا۔
(الف) ۷ اکتوبر ۱۹۹۸ء (ب) ۶ اکتوبر ۱۹۹۷ء (ج) ۱۲ اکتوبر ۱۹۹۹ء (د) ۱۳ اکتوبر ۱۹۹۸ء

۳۴۔ پاکستان نے بنگلہ دیش کو _____ میں تسلیم کیا۔
(الف) ۱۹۷۳ء (ب) ۱۹۷۶ء (ج) ۱۹۷۴ء (د) ۱۹۷۱ء

۳۵۔ دوسری اسلامی سربراہی کانفرنس _____ میں ہوئی۔
(الف) فیصل آباد (ب) کراچی (ج) لاہور (د) اسلام آباد

۳۶۔ دوسری اسلامی سربراہی کانفرنس _____ میں ہوئی۔
(الف) ۱۹۷۳ء (ب) ۱۹۷۴ء (ج) ۱۹۷۵ء (د) ۱۹۷۶ء

۳۷۔ _____ پاکستان کے موجودہ وزیر اعظم ہیں۔
(الف) آصف زرداری (ب) قائم علی شاہ (ج) رحمٰن ملک (د) یوسف رضا گیلانی

۳۸۔ _____ پاکستان کے موجودہ صدر ہیں۔
(الف) پرویز مشرف (ب) آصف زرداری (ج) یوسف رضا گیلانی (د) قائم علی شاہ

۳۹۔ شیخ مجیب کی تنظیم کا نام _____ تھا۔
(الف) مرکی باہنی (ب) مکتی باہنی (ج) مکتی بائی (د) مکتی بھائی

۴۰۔ _____ کے آئین میں اردو کو قومی زبان کا درجہ دیا گیا۔
(الف) ۱۹۳۵ء (ب) ۱۹۷۳ء (ج) ۱۹۵۶ء (د) ۲۹۶۳ء

جوابات

۱	۲	۳	۴	۵	۶
اعلیٰ ترین	آئینی	انڈیا ایکٹ ۱۹۳۵ء	قرارداد مقاصد	۱۲/مارچ ۱۹۴۹ء	لیاقت علی خان
۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
اسلامی	لیاقت علی خان	علامہ شبیر احمد	ملک غلام محمد	۷/اکتوبر ۱۹۵۸ء	۲۳/مارچ ۱۹۵۶ء
۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸
چوہدری محمد علی	اسکندر مرزا	اسکندر مرزا	صدر	ایوب خان	ایوب خان
۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
۱۹۶۲ء	یحییٰ خان	۲۵/مارچ ۱۹۶۹ء	۱۹۷۰ء	۱۹۷۱ء	۱۶/دسمبر ۱۹۷۱ء
۲۵	۲۶	۲۷	۲۸	۲۹	۳۰
ذوالفقار علی بھٹو	ذوالفقار علی بھٹو	تیسرا	۱۴/اگست	ضیاء الحق	۵/جولائی ۱۹۷۷ء
۳۱	۳۲	۳۳	۳۴	۳۵	۳۶
۱۹۷۸ء	جنرل پرویز مشرف	۱۲/اکتوبر ۱۹۹۹ء	۱۹۷۴ء	لاہور	۱۹۷۴ء
۳۷	۳۸	۳۹	۴۰		
یوسف رضا گیلانی	آصف علی زرداری	مکتی باہنی	۱۹۷۳ء		

مختصر سولات اور جوابات

سوال نمبر۱۔ آئین کے متعلق تین جملے تحریر کریں۔

جواب:
i- آئین کسی بھی ملک کا سب سے اعلیٰ اور برتر قانون ہوتا ہے۔
ii- یہ ایسے قوانین کا مجموعہ ہوتا ہے جو ریاستی انتظام چلانے کے لیئے نہایت ضروری ہوتے ہیں۔
iii- یہ ملک کو ایک باقاعدہ انتظامی ڈھانچہ مہیا کرتا ہے۔

سوال نمبر۲۔ آئین کی اہمیت پر تین جملے تحریر کریں۔

جواب:
i- یہ ملک کا اعلیٰ ترین قانون ہے۔
ii- یہ حکومت کی حدود کا تعین کرتا ہے۔
iii- یہ لوگوں کے حقوق کا تحفظ کرتا ہے۔

سوال نمبر۳۔ قرارداد مقاصد پر تین جملے تحریر کریں۔ (۲۰۱۱)

جواب:
i- قرارداد مقاصد انتہائی اہم قرارداد اور آئین سازی کی بنیاد ہے۔
ii- یہ ۱۲ مارچ ۱۹۴۹ء کو پیش کی گئی۔
iii- یہ مکمل طور پر اسلامی قرارداد تھی۔

سوال نمبر۴۔ قرارداد مقاصد کی چار اہم دفعات بیان کریں۔

جواب:
i- حاکمیت اعلیٰ اللہ تعالیٰ کے پاس ہے۔
ii- وفاقی طرز حکومت رائج ہوگا۔
iii- بنیادی حقوق کا تحفظ عوام کو فراہم کیا جائے۔
iv- اقلیتوں کے حقوق کی حفاظت کی جائے گی۔

سوال نمبر۵۔ پاکستان کے تین آئین کون سے تھے؟ اور موجودہ آئین کونسا ہے؟

جواب:
i- ۱۹۵۶ء کا آئین۔
ii- ۱۹۳۶ء کا آئین۔
iii- ۱۹۷۳ء کا آئین۔
iv- ۱۹۷۳ء کا آئین موجودہ آئین ہے۔

سوال نمبر۶۔ ۱۹۵۶ء کے آئین کی کوئی سی چار دفعات لکھیے۔

جواب:
i- **اسلامی جمہوریہ:**
آئین میں یہ بات واضح کی گئی کہ حاکمیت اعلیٰ اللہ تعالیٰ کے پاس ہے اور پاکستان ایک اسلامی ملک ہے۔

ii- **وفاقی پارلیمانی نظام:**

وفاقی پارلیمانی نظام حکومت متعرف کروایا گیا۔

iii- **سرکاری زبان:**

اردو اور بنگالی کو سرکاری زبان کا درجہ دیا گیا۔

iv- **مسلمان صدر:**

یہ واضح کیا گیا کہ ملک کا صدر مسلمان ہوگا۔

سوال نمبر ۷۔ ۱۹۵۶ء کے آئین کی اسلامی دفعات لکھیں۔

جواب:

i- پاکستان کو اسلامی ملک قرار دیا گیا۔

ii- صدر کا مسلمان ہونا لازمی قرار دیا گیا۔

iii- تمام قوانین کو اسلام کے مطابق ڈھالنے کا اعادہ کیا گیا۔

iv- قرآن اور سنت کے منافی تمام قوانین کو کالعدم قرار دیا گیا۔

سوال نمبر ۸۔ ۱۹۶۲ء کے آئین کی کوئی چار دفعات لکھیں۔

جواب:

i- یہ ایک تحریری آئین ہے جو ۲۵۰ صفحات اور ۵ گوشواروں پر مشتمل ہے۔

ii- اس میں صدارتی طرز حکومت رائج کیا گیا۔

iii- اسلامی مشاورتی کونسل کا قیام عمل میں لایا گیا۔

iv- ایسے تمام قوانین جو اسلام کے منافی ہوں انہیں تبدیل کیا جائے گا۔

سوال نمبر ۹۔ ۱۹۶۲ء کے آئین کی کوئی چار اسلامی دفعات لکھیں۔

جواب:

i- ملک کا نام اسلامی جمہوریہ پاکستان ہوگا۔

ii- صدر کا مسلمان ہونا لازمی قرار دیا گیا۔

iii- اسلامی مساورتی کونسل کا قیام عمل میں لایا گیا۔

iv- ایسے تمام قوانین جو اسلام کے منافی ہوں انہیں تبدیل کیا جائے۔

سوال نمبر ۱۰۔ ۱۹۷۳ء کے آئین کی کوئی چار دفعات تحریر کریں۔

جواب:

i- وفاقی پارلیمانی طرز حکومت رائج ہوگا۔

ii- دو ایوانی قانون ساز مجلس بنائی جائے۔

iii- اردو کو سرکاری زبان کا درجہ دیا گیا۔

iv- عدلیہ کی آزادی کی ضمانت لی گئی۔

سوال نمبر ۱۱۔ ۱۹۷۳ء کے آئین کی اسلامی دفعات لکھیں (کوئی سی چار)۔

جواب:
i- ملک کا نام اسلامی جمہوریہ پاکستان رکھا گیا۔
ii- صدر اور وزیر اعظم کا مسلمان ہونا لازمی قرار دیا گیا۔
iii- اسلامی اصولوں کے منافی کوئی قانون نافذ العمل نہ ہوگا۔
iv- قرآن اور اسلامیات کی تعلیم کو لازمی قرار دیا گیا۔

سوال نمبر ۱۲۔ بنگلہ دیش کی علیحدگی کی چار وجوہات بیان کریں۔ (۲۰۱۰) (۲۰۰۸) (۲۰۱۳)

جواب:
i- **جغرافیائی محلِ وقوع:**
دونوں حصے مشرقی اور مغربی پاکستان ۱۶۰۰ کلومیٹر کے فاصلے پر واقع تھے جس سے دونوں علاقوں کے لوگوں کو قریب آنے کا موقع نہ ملا اور غلط فہمیاں پیدا ہوئیں۔

ii- **زبان کا مسئلہ:**
بنگالی چونکہ پاکستان کی آبادی کا ۵۲ فیصد حصہ تھے لہذا بنگالی زبان کو سرکاری زبان کے طور پر رائج کرنا چاہتے تھے۔ ایسا نہ ہونے سے ان کے جذبات کو ٹھیس پہنچی۔

iii- **صوبائی خودمختاری:**
مشرقی پاکستان کے لوگ صوبائی خودمختاری کے زبردست حامی تھے۔ ایسا نہ ہونے کی صورت میں ان میں مغربی پاکستان کے خلاف نفرت نے سر ابھارا۔

iv- **بین الاقوامی سازشیں:**
کیونکہ پاکستان سب سے بڑا اسلامی ملک تھا لہذا امریکہ، برطانیہ اور روس جیسی بڑی طاقتوں نے پاکستان کے خلاف بھارت کا ساتھ دیا۔

سوال نمبر ۱۳۔ بحیثیت پاکستانی ہمیں پاکستانی کی خوشحالی کے لیئے کون سے چار اقدامات کرنے چاہیئں۔ (۲۰۱۰)

جواب:
i- ہمیں پاکستان کی معاشی ترقی کے لیئے محنت کرنی چاہیئے۔
ii- ہمیں حب الوطنی کا مظاہرہ کرنا چاہیئے۔
iii- ہمیں تعلیم کے فروغ کے لیئے محنت کرنی چاہیئے۔
iv- ہمیں اپنے پاکستانی ہونے پر فخر ہونا چاہیئے۔

سوال نمبر ۱۴۔ دوسری اسلامی سربراہی کانفرنس کے متعلق چار جملے لکھیں۔

جواب:
i- دوسری اسلامی سربراہی کانفرنس ۲۲ فروری ۱۹۷۴ء کو لاہور میں ہوئی۔
ii- ۴۰ سے زائد اسلامی ممالک کے سربراہان نے اس میں شرکت کی۔
iii- ذوالفقار علی بھٹو جو پاکستان کے وزیر اعظم تھے انہوں نے اس کی سربراہی کی۔
iv- اس کانفرنس میں پاکستان نے بنگلہ دیش کو تسلیم کر لیا۔

سوال نمبر ۱۵۔ پاکستان کے چار وزرائے اعظم کے نام بتائیے؟ (۲۰۰۸)

جواب:
i- لیاقت علی خان
ii- ذوالفقار علی بھٹو
iii- محمد خان جونیجو
iv- نواز شریف
v- بے نظیر بھٹو

سوال نمبر ۱۶۔ صوبہ سندھ کے کسی تین گورنروں کے نام تحریر کیجئے۔ صوبہ سندھ کے گورنروں کے نام لکھئے اور قریباً دورانیے بھی لکھئے۔ (۲۰۱۲)

جواب:
i- ممتاز علی بھٹو (۲۲ دسمبر ۱۹۷۱ سے ۲۹ اپریل ۱۹۷۲)
ii- رسول بخش تالپور (یکم جون ۱۹۷۲ سے ۱۴ فروری ۱۹۷۳ تک)
iii- بیگم رعنا لیاقت علی (۱۵ فروری ۱۹۷۳ سے ۲۸ فروری ۱۹۷۶ تک)
iv- حکیم محمد سعید (۱۹ جولائی ۱۹۹۳ سے ۲۳ جنوری ۱۹۹۴ تک)
v- محمد میاں سومرو (۲۵ مئی ۲۰۰۰ سے ۲۶ دسمبر تک)
vi- ڈاکٹر عشرت العباد (۲۷ دسمبر ۲۰۰۲ سے تا حال)

بیانیہ سولات اور جوابات

سوال نمبر ا۔ آئین کیا ہوتا ہے؟ آئین کی اہمیت اور ضرورت پر مفصل نوٹ لکھیئے۔

جواب: **تعریف:**

آئین کسی ریاست کا سب سے اعلیٰ اور برتر قانون ہوتا ہے۔ جو ریاست میں حکومت تنظیم، انتظامیہ اور عدلیہ کی تشکیل اور ان تینوں کے باہم تعلق کی وضاحت کرتا ہے۔

آئین کی ضرورت:

آئین کا سب سے اہم مقصد ایسا انتظامی ڈھانچہ مہیا کرنا ہوتا ہے جس میں لوگ آزادانہ، تنظیم اور امن کے ساتھ خوشحال زندگی گزار سکیں۔

آئین کی اہمیت:

کسی بھی ریاست کے لیئے آئین کی ضرورت کو مندرجہ ذیل نکات سے واضح کیا جا سکتا ہے۔

۱۔ **بنیادی اور اعلیٰ قانون:**

یہ کسی بھی ریاست کا سب سے بنیادی اور اعلیٰ قانون ہوتا ہے جسکی اہمیت و ضرورت کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔

۲۔ **پاسداری اور وفاداری:**

معاشرے کے ہر فرد کے لیئے آئین کی پاسداری اور اس سے وفاداری لازمی ہے۔ ریاست کے تمام افراد آئین کے ماتحت ہوتے ہیں۔ آئین کیخلاف ورزی سنگین جرم سمجھی جاتی ہے۔

۳۔ **اختیارات کا تعین:**

آئین حکومت کے اختیارات کا تعین کرتا ہے حکومت کے ہر فرد کو آئین کی مقرر کردہ حدود میں رہ کر فرائض انجام دینے ہوتے ہیں۔

۴۔ **مقاصد کا تعین:**

آئین ہی کی بدولت حکومت کے بنیادی مقاصد اور اولیت کا تعین ہوتا ہے۔ جبکہ آئین اداروں اور حکومت کی اجارہ داری کو بھی ختم کرتا ہے۔

۵۔ **حقوق کا تحفظ:**

آئین لوگوں کے حقوق کا بھی تحفظ کرتا ہے۔ آئین تمام افراد کو برابری کا درجہ دیتا ہے۔ یہ لوگوں کے جذبات اور احساسات کا آئینہ دار ہوتا ہے۔ جس کی بنیاد پر تمام قوانین مرتب کیئے جاتے ہیں۔

۶۔ **پاکستان کا آئین:**

پاکستان چونکہ اسلام کی بنیاد پر معرض وجود میں آیا لہذا اس کا آئین عوام کو اپنی زندگیاں اسلام کے مطابق گزارنے کے تمام مواقع فراہم کرتا ہے۔

۷۔ **آئین کی غیر موجودگی:**

آئین کی غیر موجودگی کسی بھی ریاست میں انتشار اور بدانتظامی کا باعث ہوتی ہے۔

سوال نمبر۲۔ قرارداد مقاصد کیا ہے؟ قرارداد مقاصد کے اہم نکات واضح کریں؟

جواب: **قرارداد مقاصد:**

قیام پاکستان کے بعد وقتی طور پر انڈیا ایکٹ ۱۹۳۵ء کو عبوری قانون کے طور پر رائج کیا گیا۔ لیکن چونکہ پاکستان اسلام کے نام پر معرض وجود میں آیا تھا اس لیئے ایک ایسے آئین کی ضرورت تھی جو اسلامی قوانین کے عین مطابق ہو اور قرآن وسنت کی تعلیمات کو پورا کرتا ہو۔

۱۱ ستمبر ۱۹۴۸ء کو قائداعظم کے اچانک انتقال کی وجہ سے آئین سازی کا ذمہ لیاقت علی خان کے کاندھوں پر آن پڑا جنہوں نے سردار عبدالرب نشتر اور شبیر احمد عثمانی کے ساتھ مل کر ۱۲ مارچ ۱۹۴۹ء کو قرارداد مقاصد پیش کی۔

قرارداد مقاصد کی اہم دفعات:

قرارداد مقاصد کی اہم دفعات درج ذیل ہیں۔

۱۔ **حاکمیت اعلیٰ:**

قرارداد مقاصد واضح طور پر اعلان کرتی ہے کہ حکمیت اعلیٰ صرف اللہ تعالیٰ کے پاس ہے اور اختیارات کا استعمال اللہ تعالیٰ کی مقرر کردہ حدود میں رہ کر صرف قرآن وسنت کی روشنی میں کیا جائے۔

۲۔ **اسلامی تصورات کی پاسداری:**

جمہوریت، مساوات، معاشرتی انصاف اور آزادی کے تمام تصورات جو اسلام نے بیان کیئے ہیں ان پر عمل کیا جائے گا۔

۳۔ **اسلامی طرز زندگی کا نفاذ:**

مسلمانوں کو تمام ضروری مواقع فراہم کیئے جائیں گے کہ وہ اپنی زندگیوں کو اسلام کے اصولوں اور تعلیمات کے مطابق مرتب کریں۔

۴۔ **اقلیتوں کا تحفظ:**

اقلیتوں کے حقوق کی مکمل حفاظت کی جائے گی۔ تاکہ وہ لوگ اپنے مذاہب اور عقائد کے مطابق زندگیاں گزار سکیں۔

۵۔ **وفاقی نظام حکومت:**

ملک کا آئین وفاقی ہوگا۔ اور وفاقی اکائیوں کو آئین کی حدود کے اندر صوبائی خودمختاری حاصل ہوگی۔

۶۔ **بنیادی حقوق:**

قرارداد مقاصد میں اس بات کی ضمانت دی گئی ہے کہ شہری کو بغیر کسی معاشرتی اور مذہبی تعصب کے بنیادی حقوق فراہم کیئے جائیں گے۔

۷۔ **عدلیہ کی آزادی:**

عدلیہ آزاد ہوگی اور تمام افراد کے بنیادی حقوق کی حفاظت کی جائے گی۔

۸۔ **پس ماندہ علاقوں کی ترقی:**

قرارداد مقاصد میں اس بات کا اعادہ کیا گیا کہ پسماندہ علاقوں کی ترقی کے لیئے ضروری اقدامات کیئے جائیں گے اور انہیں ترقی یافتہ علاقوں کی صف میں کھڑا کرنے کی تمام کوششیں بروئے کار لائی جائیں گی۔

قرارداد مقاصد کی اہمیت:

قرارداد مقاصد پاکستان کی آئین سازی کی تاریخ میں سنگِ میل کی حیثیت رکتی ہے۔ ۱۹۵۶ء سے ۱۹۷۳ء تک تمام آئین قرارداد مقاصد کے بنیاد پر ہی بنائے گئے۔ اس کی بنیادی دفعات ان سارے مقاصد پر پورا اترتی ہیں جن کے حصول کے لیئے جدوجہد آزادی کی گئی۔ اسی قرارداد کی بدولت پاکستان کے عوام کو جمہوریت اور بنیادی حقوق حاصل ہیں۔

اختتامیہ:

قرارداد مقاصد نے دستور سازی کے سلسلے میں رہنمائی فراہم کی اور یہ پاکستان کی دستور سازی کی تاریخ میں سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔

سوال نمبر۳۔ ۱۹۵۶ء کے آئین کی اہم دفعات بیان کریں۔

جواب:

تعارف:

پاکستان ۱۹۴۷ء کو معرض وجود میں آیا اور تقریباً آٹھ سال تک ملک کا کوئی دستور نہ بن سکا۔ سیاسی انتشار اور اقتدار کی جنگ اس اہم کام میں رکاوٹ بنی رہی۔ دوسری دستور ساز اسمبلی بالآخر آئین بنانے میں کامیاب ہوئی۔ پاکستان کے عوام نے اس آئین کا خیر مقدم کیا اس میں وفاقی پارلیمانی طرز حکومت رائج کیا گیا۔ یہ دستور ۲۳ / مارچ ۱۹۵۶ء کو چوہدری محمد علی کی وزارت عظمیٰ میں لاگو کیا گیا اور ۷ / اکتوبر ۱۹۵۸ء تک نافذ العمل رہا۔

۱۹۵۶ء کے آئین کی اہم دفعات:

۱۔ **اسلامی جمہوریہ پاکستان:**
اس آئین کی رو سے ملک کا نام اسلامی جمہوریہ پاکستان رکھا گیا اور واضح طور پر بیان کیا گیا کہ اقتدار اعلیٰ صرف اللہ تعالیٰ کے پاس ہے۔

۲۔ **وفاقی پارلیمانی نظام:**
عوام کے پرزور اصرار پر وفاقی پارلیمانی طرز حکومت رائج کیا گیا۔

۳۔ **جمہوریت کا نفاذ:**
جمہوریت ملک میں نافذ کی گئی۔ گورنر جنرل کی جگہ صدر کا عہدہ مقرر کیا گیا اور نمائندہ چننے کا بنیادی حق عوام کو دیا گیا۔

۴۔ **اسلامی طرز زندگی کا نفاذ:**
یہ آئین اس بات کا اعادہ کرتا ہے کہ لوگوں کو اپنی زندگیاں اسلامی قوانین کے مطابق گزارنے کے تمام مواقع فراہم کیئے جائیں گے

۵۔ **اختیارات کی تقسیم:**
مرکز اور صوبوں میں اختیارات کی تقسیم کی گئی۔

۶۔ **آزاد عدلیہ:**
آئین میں اس بات کو یقینی بنایا گیا کہ عدلیہ مکمل طور پر آزاد ہوگی اور کوئی بھی شخص قانون سے بالاتر نہیں ہوگا۔

۷۔ **بنیادی حقوق کا تحفظ:**
آئین میں اس بات کی بھی ضمانت دی گئی کہ شہریوں کے بنیادی حقوق کا تحفظ کیا جائے گا۔

۸۔ سربراہ مملکت مسلمان:

آئین میں یہ بات واضح کی گئی کہ سربراہ مملکت لازمی طور پر مسلمان ہوگا۔

۹۔ اسلامی قوانین کا نفاذ:

آئین میں اس بات کی بھی ضمانت دی گئی کہ اسلامی قوانین کے منافی کوئی قانون نافذ العمل نہ ہوگا۔

۱۰۔ اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ:

اقلیتوں کے تمام حقوق کی حفاظت کی جائے گی۔

۱۱۔ قومی زبان:

اردو اور بنگالی کو پاکستان کی قومی زبانوں کی حیثیت سے متعرف کروایا گیا۔

۱۲۔ تحریری آئین:

یہ آئین تحریری شکل میں ہے۔

اختتامیہ:

۱۹۵۶ء کا آئین اسلامی جمہوری آئین تھا جو نو سال کی کوششوں کے بعد نافذ العمل ہوا۔ اس کی ناکامی کے بہت سے اسباب تھے۔ اکتوبر ۱۹۵۸ء میں جنرل محمد ایوب خان نے آئین کو کالعدم قرار دے کر مارشل لاء نافذ کر دیا۔ جنرل محمد ایوب خان نے صدر اور مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کا عہدہ سنبھال کر ملک کو ایک مرتبہ پھر آئین سے محروم کر دیا۔

سوال نمبر۴۔ ۱۹۶۲ء کے آئین کی اہم دفعات لکھیں۔

جواب: تعارف:

۲۷/اکتوبر ۱۹۵۸ء کو جنرل محمد ایوب خان نے عہدہ سنبھالا اور ایک آئین ساز کمیشن بنایا۔ اس کمیشن کی سفارشات کی وجہ سے ۸/جون ۱۹۶۲ء کو نیا قانون نافذ ہوا اور ملک میں مارشل لاء کا خاتمہ ہوا۔ اس آئین میں صدارتی نظام حکومت کو ترجیح دی گئی۔ تاکہ جنرل ایوب خان کی صدارت کا تحفظ کیا جا سکے۔ ضمنی طریقہ انتخاب متعارف کروایا گیا۔ یہ آئین لوگوں میں مقبولیت حاصل نہ کر سکا۔

۱۹۶۲ء کے آئین کی اہم دفعات:

i- تحریری آئین:

یہ آئین تحریری تھا جو کہ ۲۵۰ دفعات اور پانچ گوشواروں پر مشتمل تھا۔

ii- قرارداد مقاصد:

حکومت کو اسلامی طرز پر چلانے کے لیئے قرارداد مقاصد کو آئین کا لازمی جز بنایا گیا۔

iii- اسلامی جمہوریہ:

ملک کا نام اسلامی جمہوریہ پاکستان رکھا گیا۔

iv- اسلامی قوانین کا نفاذ:

اس بات کی ضمانت دی گئی کہ اسلام کے منافی تمام قوانین کا خاتمہ کیا جائے گا۔

v- **وفاقی صدارتی نظام حکومت:**

پارلیمانی نظام کی جگہ وفاقی صدارتی نظام متعرف کروایا گیا۔ صدر کے پاس تمام اختیارات تھے۔

vi- **صدارتی اختیارات:**

تمام اختیارات صرف اور صرف صدر کے پاس رکھے گئے۔

vii- **ضمنی طریقہ انتخابات:**

ایسا طریقہ انتخابات نافذ کیا گیا جس کے مطابق لوگ اپنا نمائندہ نہیں چن سکتے۔

viii- **بنیادی حقوق کا تحفظ:**

لوگوں کے بنیادی حقوق کا تحفظ فراہم کیا گیا لیکن آزادئ اظہار کا حق اُن سے چھین لیا گیا۔

ix- **آزاد عدلیہ:**

عدلیہ کی آزادی کی ضمانت دی گئی۔

x- **اسلامی مشاورتی کونسل:**

اسلامی قوانین کے متعلق رہنمائی کرنے کے لیئے ایک اسلامی مشاورتی کونسل کا قیام عمل میں لایا گیا۔

xi- **ایک ایوانی قانون ساز مجلس:**

ایک ایوانی قانون ساز مجلس کا قیام عمل میں لایا گیا۔

۱۹۶۲ء کی ناکامی کے اسباب:

۶۹-۱۹۶۸ء میں ملک کی سیاسی جماعتوں نے ایوب خان کی سخت مخالفت شروع کر دی جس کے نتیجے میں ایوب خان کو استعفیٰ دینا پڑا اور اس کے اختیارات جنرل یحیٰ خان کے پاس آ گئے۔ جنرل یحیٰ نے ۱۹۶۲ء کے آئین کو کالعدم قرار دے کر مارشل لاء نافذ کر دیا۔ اسطرح سات سال نافذ العمل رہنے کے بعد ۱۹۶۲ء کے آئین کا خاتمہ ہوا۔

سوال نمبر۵۔ ۱۹۷۳ء کے آئین کی اہم دفعات بیان کریں۔ نوٹ (۲۰۱۲) (۲۰۱۱) (۲۰۱۰) (۲۰۱۳)

جواب: تعارف:

۱۹۶۲ء کے آئین کے کالعدم ہونے بعد ملک ایک دفعہ پھر بغیر آئین کے تھا۔ ۱۹۷۰ء میں عام انتخابات کے نتیجے میں عوامی لیگ کے شیخ مجیب الرحمن کو اکثریت حاصل ہوئی لیکن حکومت ان کے حوالے نہ کی گئی جس کے نتیجے میں بنگالی عوام نے زبردست تحریک چلائی اور مشرقی پاکستان ہم سے جدا ہو گیا۔

مغربی پاکستان میں حکومت ذوالفقار علی بھٹو کو سونپی گئی انہوں نے ایک سال کی قلیل مدت میں ملک کو ایک مکمل آئین دیا جو ۱۴ اگست ۱۹۷۳ء کو نافذ العمل ہوا۔

۱۹۷۳ء کے آئین کی اہم دفعات:

i- اسلامی آئین:

یہ ایک مکمل اسلامی آئین تھا۔ جس میں اقتدار اعلیٰ صرف اور صرف اللہ کو سونپا گیا اور اسلام کو سرکاری مذہب قرار دیا گیا۔

ii- قرارداد مقاصد:

قرارداد مقاصد کو آئین کی بنیاد بنایا گیا۔

iii- اسلامی جمہوریہ:

ملک کا نام اسلامی جمہوریہ پاکستان رکھا گیا۔

iv- مسلمان کی تعریف:

دستور میں مسلمان کی تعریف کی گئی کہ جو شخص خدا کی وحدانیت اور پیغمبر اسلام حضرت محمد ﷺ پر خدا کے آخری نبی کی حیثیت سے مکمل یقین رکھتا ہے آئین کی رو سے مسلمان تصور کیا جائے گا۔

v- صدر اور وزیر اعظم کا مسلمان ہونا:

آئین میں یہ بات واضح کر دی گئی کہ ملک کا صدر اور وزیر اعظم ہمیشہ مسلمان ہوگا اور کوئی غیر مسلم ان عہدوں پر فائز نہیں ہو سکتا۔

vi- وفاقی پارلیمانی طرز حکومت:

وفاقی پارلیمانی طرز حکومت رائج کیا گیا۔ اختیارات مرکز اور صوبوں کے درمیان بانٹے گئے۔

vii- دوایوانی قانون ساز مجلس:

دوایوانی قانون ساز مجلس جو کہ سینٹ اور قومی اسمبلی پر مشتمل تھی اس کا نفاذ کیا گیا۔

viii- صوبائی خود مختاری:

صوبوں کو مکمل طور پر خود مختار قرار دیا گیا۔

ix- بنیادی حقوق کا تحفظ:

عوام کو تمام بنیادی حقوق کے تحفظ کی فراہمی کی ضمانت دی گئی۔

x- اسلامی نظریاتی کونسل:

ایک اسلامی نظریاتی کونسل کا قیام عمل میں لایا گیا جو کہ حکومت کو اسلامی تعلیمات کے مطابق رہنمائی فراہم کرے گی۔ اس کے عہدیداران صدر منتخب کریں گے۔

xi- اردو سرکاری زبان:

قوم کے اتحاد کے لیئے اردو کو سرکاری زبان قرار دیا گیا۔

xii- براہ راست انتخابات:

ووٹ کا حق تمام شہریوں کو دیا گیا یعنی براہ راست طریقہ انتخابات متعارف کروایا گیا۔

-xiii آزاد عدلیہ:

عدلیہ کی آزادی کی ضمانت دی گئی۔

-xiv اقلیتوں کے حقوق:

اقلیتوں کے حقوق کو مکمل تحفظ فراہم کرنے کی ضمانت دی گئی۔

-xv اسلامی طرزِ زندگی:

اس آئین میں ضمانت دی گئی کہ حکومت لوگوں کو اپنی زندگیاں اسلامی قوانین کے مطابق گزارنے کی ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے گی۔

-xvi معاشرتی عدل کی حمایت اور برائیوں کا خاتمہ:

آئین میں اس بات کی ضمانت دی گئی کہ حکومت معاشرتی عدل کو عام کرنے کے لیئے ہر ممکن اقدام کرے گی اور جوئے، زنا جیسے معاشرتی علتوں کا خاتمہ کرے گی۔

-xvii قرآنی تعلیم:

اسلامیات اور قرآن کی تعلیم اسکولوں میں لازمی قرار دی گئی۔

-xviii مسلم دنیا سے تعلقات:

آئین میں اس بات کا اعادہ کیا گیا کہ حکومت مسلم دنیا کے ساتھ تعلقات بہتر بنانے کے لیئے ہر ممکن کوشش کرے گی۔

-xix قرآن کی اشاعت:

اس بات کا بھی آئین میں اعادہ کیا گیا کہ حکومت قرآن کی غلطیوں سے پاک اشاعت کی ہر ممکن کوشش کرے گی۔

-xx حلف برداری:

آئین میں اس بات کی ضمانت دی گئی کہ اسلامی نظریے کو قائم رکھنے کے لیئے تمام حکومتی عہدیداروں سے حلف لیا جائے گا۔

-xxi احمدی۔غیر مسلم اقلیت:

قادیانیت یا احمدیوں کو غیر مسلم قرار دیا گیا۔

اختتامیہ:

۱۹۷۳ء کے آئین میں آئین کو بہتر بنانے کی بھرپور کوشش کی گئی۔ یہ پاکستان کا موجودہ آئین بھی ہے۔ ہر پاکستانی پر اس کی حفاظت اور اس سے وفاداری فرض ہے۔ یہ آئین بھی جنرل ضیاء الحق اور جنرل پرویز مشرف نے کالعدم قرار دیا۔

سوال نمبر ۶۔ ۱۹۷۳ء کے آئین کی اسلامی دفعات بیان کریں۔

جواب: ۱۹۷۳ء کے آئین میں بہت سی اسلامی دفعات نافذ کی گئیں ان کی تفصیل درج ذیل ہے۔

اسلامی آئین:

یہ ایک مکمل اسلامی آئین تھا جس میں اقتدار اعلیٰ صرف اللہ کے پاس ہونے کا اقرار کیا گیا اور اسلام کو ملک کا سرکاری مذہب قرار دیا گیا۔

قرارداد مقاصد:

قرارداد مقاصد جو کہ مکمل طور سے ایک اسلامی قرارداد تھی اسے اس آئین کی بنیاد قرار دیا گیا۔

اسلامی جمہوریہ:

ملک کا نام اسلامی جمہوریہ پاکستان رکھا گیا۔

مسلمان کی تعریف:

دستور میں مسلمان کی تعریف کی گئی کہ جو شخص خدا کی وحدانیت اور پیغمبر اسلام حضرت محمد ﷺ پر خدا کے آخری نبی کی حیثیت سے مکمل یقین رکھتا ہے آئین کی رو سے مسلمان تصور کیا جائے گا۔

صدر اور وزیر اعظم کا مسلمان ہونا:

آئین میں یہ بات واضح کر دی گئی کہ ملک کا صدر اور وزیر اعظم ہمیشہ مسلمان ہوگا اور کوئی غیر مسلم ان عہدوں پر فائز نہیں ہو سکتا۔

اسلامی نظریاتی کونسل:

ایک اسلامی نظریاتی کونسل کا قیام عمل میں لایا گیا جو کہ حکومت کو اسلامی تعلیمات کے مطابق رہنمائی فراہم کرے گی۔ اس کے عہدیداران صدر منتخب کریں گے۔

اسلامی طرز زندگی:

اس آئین میں ضمانت دی گئی کہ حکومت لوگوں کو اپنی زندگیاں اسلامی قوانین کے مطابق گزارنے کی ہر ممکن سہولت فراہم کرے گی۔

قرآنی تعلیم:

اسلامیات اور قرآن کی تعلیم اسکولوں میں لازمی قرار دی گئی۔

مسلم دنیا سے تعلقات:

آئین میں اس بات کا اعادہ کیا گیا کہ حکومت مسلم دنیا کے ساتھ تعلقات بہتر بنانے کے لیئے ہر ممکن کوشش کرے گی۔

قرآن کی اشاعت:

اس بات کا بھی آئین میں اعادہ کیا گیا کہ حکومت قرآن کی غلطیوں سے پاک اشاعت کی ہر ممکن کوشش کرے گی۔

حلف برداری:

آئین میں اس بات کی ضمانت دی گئی کہ اسلامی نظریے کو قائم رکھنے کے لیئے تمام حکومتی عہدیداروں سے حلف لیا جائے گا۔

احمدی۔ غیر مسلم اقلیت:

قادیانیوں اور احمدیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا گیا۔

سوال نمبر ۷۔ **مشرقی پاکستان کی علیحدگی کی وجوہات تفصیلاً بیان کریں۔**

جواب: پاکستان ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو دو حصوں مغربی پاکستان اور مشرقی پاکستان کی شکل میں معرض وجود میں آیا۔ اکثریت کی بنیاد پر پنجاب، سندھ، بلوچستان اور سرحد مغربی پاکستان کہلائے جبکہ مشرقی بنگال کو مشرقی پاکستان کہا گیا ۱۹۷۱ء میں مشرقی پاکستان مغربی پاکستان سے علیحدہ ہو گیا اور ایک آزاد ملک بنگلہ دیش کہلایا۔ مشرقی پاکستان کی علیحدگی کی مندرجہ ذیل اہم وجوہات ہیں۔

۱۔ **جغرافیائی محل وقوع:**

نومولود وطن پاکستان کے دونوں حصوں کے درمیان خاصا فاصلہ تھا۔ یہ فاصلہ تقریباً ۱۶۰۰ سو کلومیٹر زیادہ تھا۔ اور ان دونوں حصوں کے درمین بھارت حائل تھا۔ اس فاصلے کی وجہ سے دونوں حصوں کے لوگوں کو قریب آنے کا موقع نہ مل سکا اور بہت سی غلط فہمیاں پیدا ہوئیں۔ انڈیا نے موقع کا فائدہ اٹھاتے ہوئے مشرقی پاکستان کے لوگوں کو مغربی پاکستان کے خلاف بھڑکایا۔

۲۔ **افسران کا رویہ:**

مغربی پاکستان کے افسران، مشرقی پاکستان کے افسران کی طرح دوستانہ رویہ نہ رکھتے تھے۔ اس سے بھی مغربی پاکستان کے لیئے نفرت پروان چڑھی۔ مشرقی پاکستان کے لوگوں کا خیال تھا کہ انہیں حکومت میں صحیح حصہ دار نہیں بنایا گیا۔

۳۔ **مارشل لاء:**

مشرقی پاکستان کے لوگ پارلیمانی نظام حکومت کے زبردست حامی تھے اور پے در پے مارشل لاء نے بھی ان کے دلوں میں نفرت کے جذبات کو ابھارا۔

۴۔ **زبان کا مسئلہ:**

چونکہ مشرقی پاکستان کے لوگ پاکستان کی کُل آبادی کا ۵۲ فیصد تھے اس لیئے وہ چاہتے تھے کہ بنگلہ کو سرکاری زبان قرار دیا جائے جبکہ مغربی پاکستان کے لوگ اردو کو سرکاری زبان قرار دینے کے حق میں تھے۔

۵۔ **صوبائی خودمختاری:**

بنگال کے لوگ صوبائی خودمختاری کا مطالبہ رکھتے تھے جو پورا نہ کیا گیا۔

۶۔ **شیخ مجیب کے چھ نکات:**

عوامی لیگ کے بنگالی رہنما شیخ مجیب الرحمن مشرقی پاکستان کے لیئے علیحدہ نظام چاہتے تھے جس کے لیئے انہوں نے چھ نکات پیش کیئے۔ مغربی پاکستان کی تمام سیاسی جماعتوں نے اس کی شدید مخالفت کی۔ اس رویے سے دلبرداشتہ ہو کر اس نے بھارت سے خفیہ تعلقات بڑھائے۔

۷۔ **ہندو اساتذہ کا رویہ:**

ہندو اساتذہ جو بڑی تعداد میں مشرقی پاکستان میں کام کر رہے تھے انہوں نے بھی نفرت کے جذبات بڑھانے میں بھرپور کردار ادا کیا۔

بین الاقوامی سازشیں:

کیونکہ پاکستان سب سے بڑا اسلامی ملک تھا اس لیئے امریکہ اور برطانیہ جیسی بڑی طاقتیں بھی بھارت کا پاکستان کے خلاف ساتھ دے رہی تھیں۔

۱۹۷۰ء کے انتخابات:

۱۹۷۰ء کے انتخابات میں شیخ مجیب کو مشرقی پاکستان میں اکثریت حاصل ہوئی لیکن وہ مغربی پاکستان میں ایک بھی نشست حاصل نہ کر سکا۔ اسی طرح ذوالفقار علی بھٹو مغربی پاکستان میں اکثریت حاصل کرنے میں کامیاب رہے جبکہ مشرقی پاکستان میں ایک بھی نشست حاصل نہ کر سکے۔ جس کے نتیجے میں حکومت کی رسہ کشی شروع ہو گئی۔ جب مجیب الرحمن کو حکومت نہ دی گئی تو اس نے مغربی پاکستان کی شدید مخالفت شروع کر دی۔

مشرقی پاکستان میں فوجی کاروائی:

۱۹۷۰ء کے انتخابات کے بعد جب مجیب الرحمن کو حکومت نہ دی گئی تو مشرقی پاکستان کے حالات خراب تر ہو گئے۔ عوامی لیگ کے خلاف فوجی کاروائی کی گئی جس سے بنگالیوں میں بھی مسلح جدوجہد کو بڑھاوا ملا۔

بھارت کا حملہ:

اس ساری صورتحال کا فائدہ اٹھاتے ہوئے بھارت نے دسمبر ۱۹۷۱ء کو پاکستان پر حملہ کر دیا۔ کیونکہ مشرقی پاکستان میں فوجی کاروائی کی وجہ سے بہت سے بنگالی بھارت بھاگ گئے تھے اور شیخ مجیب نے ''مکتی باہنی'' کے نام سے نیم فوجی ادارہ شروع کر دیا تھا۔ لہذا بھارت نے دخل اندازی کی۔ جنگ ہوئی اور پاکستان کی فوج کو ہتھیار ڈالنا پڑے۔ پاکستانی فوج نے بھارت کے سامنے ۱۶ دسمبر ۱۹۷۱ء کو ہتھیار ڈالے اور بالآخر بنگلہ دیش علیحدہ ہو گیا۔

پاکستان کا تسلیم کرنا:

بہت سارے ممالک نے بنگلہ دیش کو فوری طور پر تسلیم کر لیا لیکن پاکستانی عوام کے لیئے یہ ایک سانحہ تھا۔ بہر حال ۱۹۷۴ء میں دوسری اسلامی سربراہی کانفرنس میں پاکستان نے بنگلہ دیش کو تسلیم کیا جس کے بعد سے دونوں ممالک میں دوستانہ مراسم قائم ہیں۔

سوال نمبر ۸۔ بحیثیت پاکستانی ہمیں پاکستان کی خوشحالی میں کیا کردار ادا کرنا چاہیئے۔ (۲۰۱۲)

جواب: پاکستان اللہ تعالیٰ کا ایک بڑا انعام ہے۔ یہ بہت سی قربانیوں کے بعد حاصل کیا گیا۔ یہ تمام پاکستانیوں کا فرض ہے کہ اپنے وطن کی حفاظت کریں اور اس کی ترقی اور استحکام کے لیئے مل کر متحد ہو کر کام کریں۔ پاکستان کو مضبوط اور خوشحال بنانے کے لیئے مندرجہ ذیل اقدام ضروری ہیں۔

محنت:

قومی ترقی کے لیئے انتھک محنت کی ضرورت ہے۔ انہیں چاہیئے کہ ہر میدان میں دل لگا کر محنت کریں اور پاکستان کو معاشی طور پر خودمختار بنائیں۔

اتحاد:

ہر پاکستانی کو قومی اتحاد کو بڑھاوا دینا چاہیئے۔ لسانیت سے پرہیز ضروری ہے۔

حب الوطنی:

ہر پاکستانی میں وطن سے محبت کا جذبہ ہونا چاہیئے۔ اور اپنے وطن کے لیئے جان قربان کرنے سے دریغ نہیں کرنا چاہیئے۔

تعلیم کو فروغ:

تعلیم کے فروغ کے لیئے ہر ممکن اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔

معاشرتی انصاف:

انصاف کا معاشرے میں بول بالا ہونا چاہیئے۔ کرپشن کے خاتمے کے لیئے بھرپور کوششیں کی جانی چاہئیں۔

خود انحصاری:

ہمیں خوب محنت کر کے اپنے وطن کو خود انحصاری کی سطح پر لانا چاہیئے۔

پاکستانی ہونے پر فخر:

پاکستان کی طویل جدوجہد آزادی کو مدنظر رکھتے ہوئے ہمیں اپنے پاکستانی ہونے پر بے انتہا فخر ہونا چاہیئے۔